ڈاکٹر اے کیو خان سکول اینڈ کالج بحریہ ٹاؤن فیز ۸

ماڈل پیپر اردو جماعت اول

تاریخ: ______________	کل نمبر: 60
نام: ______________	حاصل کردہ نمبر: ______________
فریق: ______________	وقت: 2 گھنٹے
دستخط نگران امتحان: ______________	دستخط معلمہ: ______________

سوال نمبر 1: دیے گئے سوالات میں سے درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔ 10 /

نمبر شمار	سوال	الف	ب	ج
i.	حروف گ۔ل۔ا۔ب سے لفظ بنتا ہے۔	تالاب	گلاب	گلیاں
ii.	لفظ قاعدے کن الفاظ سے مل کر بنا ہے؟	ق اع دے	ق وا ع د	ق اع د ہ
iii.	خالق کا مطلب ہے؟	جوڑنے والا	توڑنے والا	بنانے والا
iv.	بات ہمیشہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔سے کرنی چاہیے۔	غصے سے	نرمی سے	شرارت سے
v.	آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم کے والد کا نام۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ہے۔	حضرت عبداللہ	حضرت عبدالمطلب	حضرت ابوطالب
vi.	لفظ "چھوڑ" کے آخر میں الف کا اضافہ کرنے سے نیا لفظ ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔بنتا ہے۔	توڑا	موڑا	چھوڑا
vii.	لفظ "اپ" کے شروع میں حرف "ب" لگانے سے نیا لفظ ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔بنتا ہے۔	باب	بات	باپ
viii.	آنکھوں سے ہم کام۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔لیتے ہیں۔	سننے کا	دیکھنے کا	بولنے کا
ix.	سب کو۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔کر کام کرنا چاہیے۔	رو رو کر	مل جل کر	لڑائی کر
x.	والدہ کا معانی ہے۔	نانی	امی	دادی

سوال نمبر2- پیراگراف پڑھ کر سوالات کے جوابات لکھیں۔ /10

برسات کا موسم تھا۔ آج خوب بارش ہوئی۔ راشد کو یہ موسم بہت پسند ہے۔ راشد نے دیکھا کہ ایک چڑیا ادھر سے ادھر چکر کاٹ رہی ہے۔ اچانک راشد کی نظر زمین پر پڑی۔ ارے! چڑیا کا یہ گھونسلا کیسے گرا؟ چڑیا کا گھونسلا زمین پر گرا دیکھ کر راشد کے منھ سے نکلا۔ دراصل بارش اور تیز ہوا سے گھونسلا زمین پر گر گیا تھا۔ "پیاری چڑیا! میں تمہاری مدد کیسے کروں؟ راشد چڑیا کو دیکھ کر سوچنے لگا۔ چوں چوں کی آواز سن کر اور چڑیاں بھی اکٹھی ہو گئیں۔ اور سبھی بہت پریشان لگ رہی تھیں۔ یہ سب چڑیاں ادھر سے ادھر اڑیں اور اپنی چونچ میں تنکے دبائے واپس آئیں۔ راشد سمجھ گیا کہ اب چڑیاں مل جل کر اپنی ساتھی چڑیا کا گھونسلہ بنانے لگی ہیں۔ یہ سب دیکھ کر راشد بہت خوش ہوا۔

i. راشد کو کون سا موسم پسند تھا؟

____

ii. چڑیا کیوں پریشان تھی؟

____

iii. گرا ہوا گھونسلا دیکھ کر باقی چڑیوں نے کیا کیا؟

____

iv. راشد کیوں خوش تھا؟

____

v. کیا آپ نے کبھی چڑیا کا گھونسلہ گرا ہوا دیکھا ہے؟

____

سوال نمبر 3: ہم آواز الفاظ لکھیں۔ /4

تب۔ ______ ______

سات۔ ______ ______

جان۔ ______ ______

گھر۔ ______ ______

سوال نمبر 4 :مذکر کے مونث لکھیں۔ 2/

مذکر	مونث	مذکر	مونث
چچا		ابو	
مرغا		گھوڑا	

سوال نمبر 5 :واحد جمع لکھیں۔ 2/

واحد	جمع	واحد	جمع
پودا		تحفہ	
گھوڑا		وادی	

سوال نمبر 6:۔اسم اور فعل الگ الگ کریں۔ 4/

	اسم	فعل
علی نے دکان سے قاعدہ لیا۔		
امی جان سکول میں پڑھاتی ہیں۔		
اسلم دلیا کھاتا ہے۔		
احمد ہر صبح باغ جاتا ہے۔		

سوال نمبر 7 :ہے اور ہیں کی مدد سے خالی جگہ پر کریں۔ 4/

i. میں اور میرے امی ابو گاؤں میں رہتے ________

ii. شہر آکر مجھے اپنا گاؤں بہت یاد آتا ________

iii. آلو سستے ________

iv. ایک آم خراب ________

سوال نمبر 8 :ان الفاظ کو جملوں میں استعمال کریں۔ 4/

الفاظ	جملے
شکر	
لباس	
وطن	
آرام	

سوال نمبر9 :تصویر کی مدد سے کہانی لکھیں۔ 10/

ذخیرہ الفاظ: پارک، درخت، بطخیں، گیند، سائیکل، دوڑنا، پتنگ، اڑانا، بادل

سوال نمبر10 :عنوان "میری ذات" پر مضمون لکھیں۔ 10/

میری ذات